**B**

**CCE RR/PR/NSR/NSPR**
**Reduced Syllabus**

ಕರ್ನಾಟಕ ಶಾಲಾ ಪರೀಕ್ಷೆ ಮತ್ತು ಮೌಲ್ಯ ನಿರ್ಣಯ ಮಂಡಲಿ,

ಮಲ್ಲೇಶ್ವರಂ, ಬೆಂಗಳೂರು – 560 003

**KARNATAKA SCHOOL EXAMINATION AND ASSESSMENT BOARD,**
**MALLESHWARAM, BENGALURU – 560 003**

**ಜೂನ್ 2024 ರ ಪರೀಕ್ಷೆ - 2**

**JUNE 2024 EXAMINATION - 2**

ಮಾದರಿ ಉತ್ತರಗಳು

**MODEL ANSWERS**

ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : **66-U**      **Code No. : 66-U**

# ವಿಷಯ : ತೃತೀಯ ಭಾಷೆ — ಉರ್ದು

# Subject : Third Language — URDU

(ಶಾಲಾ ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಖಾಸಗಿ ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಎನ್.ಎಸ್.ಆರ್. / ಎನ್.ಎಸ್.ಪಿ.ಆರ್.)
**(Regular Repeater / Private Repeater / NSR / NSPR)**

ದಿನಾಂಕ : 15. 06. 2024 ]      [ ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 80

**Date : 15. 06. 2024 ]**      **[ Max. Marks : 80**

| مارکس | اہم نکات/ اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | درجِ ذیل ہر سوال کے لئے چار متبادل جوابات دیئے گئے ہیں۔ان میں سے سب سے مناسب جواب چُن کر لکھئے : 8 x 1 = 8 | I. |
| | وہ کلمہ جو خود معنی دیتا ہو، کہلاتا ہے۔ | 1. |
| | (A) غیر مستقل کلمہ (B) مستقل کلمہ | |
| | (C) مہمل (D) حروف | |
| 1 | جواب : (B) مستقل کلمہ | |

 CCE-II-RR/PR/NSR/NSPR(B)/999/8016 (MA)

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | معنوی اعتبار سے غیر متعلق لفظ الگ کیجئے۔ | .2 |
| | (A) ملول (B) رنجیدہ | |
| | (C) غمگین (D) غنی | |
| 1 | جواب : (D) غنی | |
| | حضور اکرم ﷺ کی تعریف و توصیف میں بیان کی گئی نظم، کہلاتی ہے۔ | .3 |
| | (A) غزل (B) رباعی | |
| | (C) حمد (D) نعت | |
| 1 | جواب : (D) نعت | |
| | جملہ کا وہ حصّہ جس میں کسی شخص یا چیز کا ذکر ہو۔ | .4 |
| | (A) مسند (B) مسندالیہ | |
| | (C) خبر (D) ضمیر | |
| 1 | جواب : (B) مسندالیہ | |
| | محاورہ ''آنکھیں کھل جانا'' کا مطلب یہ ہے۔ | .5 |
| | (A) حقیقت حال معلوم ہونا (B) مشق کرنا | |
| | (C) بہت خوش ہونا (D) غائب ہوجانا | |
| 1 | جواب : (A) حقیقت حال معلوم ہونا | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | وہ خطوط جو اپنے کنبے والوں، رشتہ داروں اور دوستوں کو لکھے جاتے ہیں۔ | .6 |
| | (A) دفتری خط (B) سرکاری خط | |
| | (C) نجی خط (D) کاروباری خط | |
| 1 | جواب : (C) نجی خط | |
| | غزل کا پہلا شعر کہلاتا ہے۔ | .7 |
| | (A) مطلع (B) مقطع | |
| | (C) تخلص (D) بیت الغزل | |
| 1 | جواب : (A) مطلع | |
| | ایسی نظم جو چار مصرعوں پر مشتمل ہو، کہلاتی ہے۔ | .8 |
| | (A) ردیف (B) غزل | |
| | (C) رباعی (D) حمد | |
| 1 | جواب : (C) رباعی | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | پہلے دولفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے : 4 × 1 = 4 | II. |
| | قدیم : جدید :: مشکل : ......... | 9. |
| 1 | جواب : آسان | |
| | تعمیر : تعمیرات :: وقت : ......... | 10. |
| 1 | جواب : اوقات | |
| | دُور : فاصلہ :: دَور : ......... | 11. |
| 1 | جواب : زمانہ | |
| | چراغ : مذکر :: چٹائی : ......... | 12. |
| 1 | جواب : مؤنث | |
| | درجِ ذیل سوالات کے جوابات ایک ایک جملے میں لکھئے : 4 × 1 = 4 | III. |
| | معمارِ میسور کے نام سے کون مشہور ہے ؟ | 13. |
| 1 | جواب : سرایم وشویشوریا | |
| | حضرت عائشہؓ کس کی صاحب زادی تھیں ؟ | 14. |
| 1 | جواب : حضرت ابوبکر صدیقؓ | |
| | شفیع الامم سے مراد کون ہیں ؟ | 15. |
| 1 | جواب حضورا کرم ﷺ | |
| | ہمارا مدّعا کیا ہونا چاہیئے ؟ | 16. |
| 1 | جواب : اپنے وطن کی شان وعظمت ہو۔ | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | درجِ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے : 8 × 2 = 16 | IV. |
| | حضرت عائشہؓ کے حجرے میں کون کون آرام فرما ہیں ؟ | 17. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ حضرت عائشہؓ کے حجرے ہی میں حضور اکرم ﷺ | |
| 1 | ☆ حضرت ابوبکر صدیقؓ اور حضرت عمر فاروقؓ آرام فرما ہیں۔ | |
| | راموکی کس بات کو سن کر اینگلو انڈین کی آنکھیں چمک اٹھیں اور کیوں ؟ | 18. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ راموکی زبان سے مگر مچھ کا نام سن کر اینگلو انڈین کی آنکھیں چمک اُٹھیں۔ | |
| 1 | ☆ کیونکہ وہ شکاری تھا اور مگر مچھ کا شکار کرنا چاہتا تھا۔ | |
| | محمد علی جوہرؔ کے اُردو اور انگریزی اخبارات کے نام بتائیے۔ | 19. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ اُردو اخبار ''ہمدرد'' | |
| 1 | ☆ انگریزی اخبار ''کامریڈ'' | |
| | سر ایم وشویشوریا کو میسور کے دیوان کا عہدہ کس نے اور کیوں پیش کیا ؟ | 20. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ والئی میسور سری کرشناراج وڈیر بہادر | |
| 1 | ☆ جب ملک بھر میں آپ کی ذہانت واستعداد کا چرچا ہو گیا۔ | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | محمد علی جوہرؔ کے والدین کا نام کیا تھا ؟ | .21 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ والد کا نام مولانا عبد العلی | |
| 1 | ☆ والدہ کا نام بی اماں | |
| | مولانا محمد علی جوہرؔ کا سول سروس امتحان میں ناکام ہونا کس لئے بہتر ثابت ہوا ؟ | .22 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ سول سروس امتحان میں ناکام ہونے کے سبب انگریزوں کی ملازمت سے بچ گئے۔ | |
| 1 | ☆ برِصغیر کے مسلمانوں کی رہنمائی کا فرض ادا کرنے کا موقع مل گیا۔ | |
| | ملّا نصیر الدین کو گھر میں نہ پا کر عالمِ دوست نے کیا کیا ؟ | .23 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ اس نے وہیں گلی سے کوئلے کا ایک ٹکڑا اٹھایا اور | |
| 1 | ☆ ملّا کے دروازے پر لکھ دیا ''بے وقوف گدھا۔'' | |
| | ''پیغامِ یکجہتی'' نظم کے حوالے سے بتائیے کہ وہ کونسی باتیں ہیں جو ہمیں بدنام کرتی ہیں ؟ | .24 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ ہمارے باہمی جھگڑے | |
| 1 | ☆ آپسی اختلافات | |

| مارکس | اہم نکات/ اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | درجِ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے : 9 x 3 = 27 | V. |
| | بحوالۂ متن درجِ ذیل جملوں کی وضاحت کیجئے : | |
| | ''اس نام کی کوئی مچھلی ہمارے پاس نہیں ہے۔'' | 25. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ جملہ ''دھوبی نے مگر مچھ کو کھالیا'' سبق سے لیا گیا ہے۔ | |
| 1 | ☆ اس کے مصنف ''کرشن چندر'' ہیں۔ | |
| 1 | ☆ یہ جملہ ایک دوسرے کلرک نے راموسے اُس وقت کہا جب راموں نے اپنا نام اُسے بتایا۔ | |
| | ''کمرہ اتنا چھوٹا ہے کہ اس میں کسی خواب کے داخل ہونے کی گنجائش نہیں ہے۔'' | 26. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ جملہ ''جاپان چلو، جاپان چلو'' سے لیا گیا ہے۔ | |
| 1 | ☆ اس کے مصنف ''مجتبیٰ حسین'' ہیں۔ | |
| 1 | ☆ یہ جملہ مصنف نے مِس پرینیا کو اُس وقت کہا جب مِس پرینیا انگریزی آداب کے مطابق اُنہیں کہتی ہیں کہ آج رات کوئی اچھا خواب دیکھئے۔ | |
| | ''تو پھر آج رات کا کھانا آپ کے یہاں ہی رہے گا۔'' | 27. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ جملہ ''مُلّا نصیر الدین کے قصّے'' سبق سے لیا گیا ہے۔ | |
| 1 | ☆ ایک مرتبہ مُلّا نصیر الدین اپنے دوستوں کے درمیان بیٹھا گپ ہانک رہا تھا کہ ''مہمانوں کی جو خاطر تواضع ہم کرتے ہیں، کوئی کیا کرے گا۔'' | |
| 1 | ☆ اس پر ایک دوست فوراً بول اٹھا ''تو پھر آج رات کا کھانا آپ کے یہاں ہی رہے گا۔'' | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| .28 | درجِ ذیل نثر نگاروں میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے : | |
| | (i) وہاب عندلیب (ii) کرشن چندر | |
| | جواب : | |
| | (i) وہاب عندلیب: | |
| | پیدائش – 25 دسمبر 1933ء گلگن مڑی۔ | |
| | اہم نکات – ☆ ابتدائی تعلیم گلگن مڑی میں ہوئی اس کے بعد عثمانیہ یونیورسٹی میں داخلہ لیا۔ | 1 |
| | ☆ مختلف اسکولوں میں درس و تدریسی کی خدمات انجام دیں۔ | 1 |
| | ☆ بحیثیت لکچرر تقرر ہوا پھر پرنسپل کے عہدے پر فائز ہوئے۔ | 1 |
| | ☆ ادبی خدمات کے اعتراف میں اُردو اکاڈمیوں نے اُنہیں ایوارڈ سے نوازا۔ | |
| | تصانیف – ☆ قامت و قیمت، تحقیق و تجزیہ، گفتار و کردار، تارِ منظر۔ | |
| | یا | |
| | (ii) کرشن چندر : | |
| | پیدائش – 19/نومبر 1913ء کشمیر | |
| | وفات – 1977ء ممبئی | 1 |
| | اہم نکات – ☆ وکالت کا پیشہ، آل انڈیا ریڈیو اور فلموں سے وابستگی۔ | |
| | ☆ ایک کامیاب افسانہ نگار اور ناول نویس۔ | 1 |
| | ☆ مظلوم انسانوں کے بارے میں کہانیاں لکھیں۔ | |
| | تصانیف – ☆ ان داتا، ٹوٹے تارے، پرانے خدا، نظارے، شکست، حسینوں کا شہر۔ | 1 |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | **درجِ ذیل شعراء میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے:** | .29 |
| | (i) اکبر الہ آبادی (ii) مرزا غالب | |
| | جواب : | |
| | (i) **اکبر الہ آبادی :** | |
| | نام — سید حسین، تخلص اکبر | |
| | پیدائش — 1846ء موضع بارہ ضلع الہ آباد میں پیدا ہوئے | |
| 1 | وفات — 1921ء | |
| 1 | اہم نکات — ☆ 1880ء میں وکالت کا امتحان پاس کیا اور مصنف مقرر ہوئے۔ | |
| 1 | ☆ شعر و سخن کا فطری ذوق تھا۔ اُن کا سارا کلام پند و نصائح پر مشتمل ہے۔ | |
| | **یا** | |
| | (ii) **مرزا غالب :** | |
| | نام — مرزا اسد اللہ خاں، تخلص غالب | |
| | پیدائش — 1797ء آگرہ میں | |
| 1 | وفات — 15 فروری 1869ء دلّی۔ | |
| 1 | اہم نکات — ☆ بچپن ہی سے شعر و سخن کا چسکا تھا۔ مزاج میں خودداری، شوخی و ظرافت تھی۔ | |
| | ☆ اُردو کے مقبول شاعر تھے اور شاعری میں ایک خاص طرز کے موّجد تھے۔ | |
| 1 | اہم کتابیں — ☆ دیوانِ غالب، کلیات نظم فارسی، اُردوئے معلٰی، عودِ ہندی۔ | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے : | |
| | رہا تُو تو اکثر الم ناک میرؔ | .30 |
| | ترا طور کچھ خوش نہ آیا ہمیں | |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ شعر ''میر تقی میرؔ'' کی غزل سے ماخوذ ہے۔ | |
| | ☆ اس شعر میں شاعر میر تقی میرؔ اپنے آپ سے مخاطب ہو کر کہتے ہیں کہ میرؔ تو ہمیشہ مایوس | |
| 1 | اور رنجیدہ رہتا ہے۔ | |
| 1 | ☆ تیرا یہ طریقہ ہمیں پسند نہیں آیا۔ یعنی ہمیشہ مایوس رہنا اچھی بات نہیں ہے۔ | |
| | تماشائے دَیر و حرم دیکھتے ہیں | .31 |
| | تجھے ہر بہانے سے ہم دیکھتے ہیں | |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ شعر ''داغؔ دہلوی'' کی غزل سے ماخوذ ہے۔ | |
| 1 | ☆ اس شعر میں شاعر کہتے ہیں کہ دنیا والے مسجد اور مندر کے جھگڑوں میں اُلجھے ہوئے ہیں۔ | |
| | ☆ مگر میں مندر میں بھی اپنے محبوب (خدا) کو دیکھتا ہوں اور مسجد میں بھی۔ خدا کو پانے کے | |
| 1 | لئے مسجد اور مندر کا جھگڑا ٹھیک نہیں۔ مجھے میرے محبوب کا جلوہ ہر طرف نظر آتا ہے۔ | |
| | یاروں کی محبت کا یقین کر لیا میں نے | .32 |
| | پھولوں میں چھپایا ہوا خنجر نہیں دیکھا | |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ شعر ''ڈاکٹر بشیر بدرؔ'' کی غزل سے ماخوذ ہے۔ | |
| | ☆ اس شعر میں شاعر کہتے ہیں کہ میں اپنے دوست نما دشمنوں کو پہچان نہیں سکا اور اُن کے | |
| 1 | دھوکے میں آ گیا۔ | |
| 1 | ☆ میں اُن کی باتوں کا یقین کرتا رہا اور وہ میرے پیٹھ پیچھے وار کرتے رہے۔ | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | **درجِ ذیل انگریزی تحریر کا اُردو میں ترجمہ کیجئے :** | 33. |
| | Cat is a domestic animal. Its nails are very sharp. Its favourite food is milk and fish. | |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ بلّی ایک پالتو جانور ہے۔ | |
| 1 | ☆ اس کے ناخن بہت تیز ہیں۔ | |
| 1 | ☆ اس کی پسندیدہ غذا دودھ اور مچھلی ہے۔ | |
| | **4 x 4 = 16** **درجِ ذیل سوالات کے تفصیلی جواب لکھئے :** | **VI.** |
| | آپ کی درسی کتاب میں شامل ''حمد'' کے ابتدائی چار اشعار اپنی یادداشت سے لکھئے۔ | 34. |
| | جواب : | |
| | حمد | |
| | مولانا الطاف حُسین حالؔی | |
| 1 | اے ساری دنیا کے مالک     راجا اور پرجا کے مالک | |
| 1 | سب سے انوکھے سب سے نرالے     آنکھ سے اوجھل دل کے اجالے | |
| 1 | ناؤ جگت کی کھینے والے     دکھ میں سہارا دینے والے | |
| 1 | جوت ہے تیری جل اور تھل میں     باس ہے تیری پھول اور پھل میں | |
| | علمِ طبعیات، فنِ طب اور علم ریاضی پر بوعلی سینا کے کیا کیا احسانات رہے ؟ | 35. |
| | یا | |
| | اُمّ المومنین حضرت عائشہؓ کی زندگی پر روشنی ڈالئے۔ | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | جواب : | |
| 1 | ☆ شیخ بوعلی سینا نے علمِ طبعیات میں حرکت، قوت، خلا، روشنی اور حرارت جیسے اہم مضامین پر گہرے تحقیقی کام کئے ہیں۔ | |
| 1 | ☆ شیخ سب سے پہلے سائنس دان ہیں جنہوں نے روشنی کی رفتار کا نظریہ پیش کیا۔ اُن کی یہ دریافت آج بھی مستند ہے۔ | |
| 1 | ☆ انہوں نے دواؤں سے ہٹ کر فنِ طب میں نفسیات سے علاج کیا۔ اس طریقۂ علاج کے وہ موّجد اور ماہر تھے۔ | |
| 1 | ☆ آپ کو علم ریاضی سے دلچسپی تھی۔ وہ علم مساحت میں ایسے طریقے جانتے تھے، جن کی مدد سے چھوٹی چھوٹی چیز کو ناپا جا سکتا تھا۔ شیخ ایسے نازک ترین پیمانے کے موّجد ہیں جسے ورنیر کہتے ہیں۔ | |
| | **یا** | |
| 1 | ☆ حضرت عائشہؓ نہایت سعادت منداور بلند اخلاق و کردار کی مالک تھیں۔ | |
| 1 | ☆ حضرت عائشہؓ سے متعلق وحی نازل ہوئی اور حضرت جبرئیل آپؓ کو سلام کرتے تھے۔ | |
| 1 | ☆ آپؓ نے نبی کریم ﷺ کی زندگی کا گہرا مطالعہ کیا اور مکمل پیروی کی۔ بے شمار احادیث کی تصدیق آپؓ سے ہوتی ہے۔ | |
| 1 | ☆ آپؓ پردے کے پیچھے سے حضورؐ کی تعلیمات وہدایات سے استعفادہ کرتی رہیں۔ صرف یہی نہیں بلکہ تاریخ، ادب اور طب میں بھی حضرت عائشہؓ کو مہارت حاصل تھی۔ | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | **درجِ ذیل تحریر کا بغور مطالعہ کیجئے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے :** | |
| | ایک مرتبہ کا ذکر ہے کہ مالِ غنیمت میں ہر ایک کے حصّے میں ایک ایک چادر آئی۔ حضرت عمر فاروقؓ کے حصّے میں بھی ایک ہی چادر آئی تھی۔ چونکہ حضرت عمرؓ دراز قد تھے اس لئے ایک چادر میں آپؓ کا لباس تیار ہونا ناممکن تھا۔ حسب معمول جب عمرؓ نے ممبر پر کھڑے ہو کر لوگوں سے پوچھا کہ کیا تم میرا حکم مانو گے ؟ تو ایک شخص نے اٹھ کر کہا کہ تم خلافت کے قابل نہیں ہو، کیونکہ تم نے جو لباس پہنا ہے وہ لوٹ کی چادر کا ہے۔ اس لئے ہم تمہارا حکم نہیں مانیں گے۔ حضرت فاروق اعظمؓ نے اپنے فرزند سے کہا کہ حالت اصلی کی حقیقت تمہیں معلوم ہے تم ہی بیان کرو۔ ابنِ عمرؓ نے جواب دیا کہ اس میں میرے والد محترم کا کوئی قصور نہیں ہے۔ اس کے لئے میں نے اپنے حصّے کی چادر بھی اُنہیں دیدی تھی۔ یہ سن کر نکتہ چیں نے کہا کہ ''اے عمرؓ ہمیں حکم دیجئے ہم آپؓ کا حکم ضرور مانیں گے۔'' | 36. |
| | **سوالات :** | |
| | (i) ہر ایک حصّے میں کتنی چادریں آئیں ؟ | |
| | (ii) حضرت عمرؓ کو ایک چادر میں لباس تیار ہونا کیوں ناممکن تھا ؟ | |
| | (iii) حضرت عمرؓ نے ممبر پر کھڑے ہو کر لوگوں سے کیا پوچھا ؟ | |
| | (iv) ابن عمرؓ نے لوگوں کو کیا جواب دیا ؟ | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| | جواب : | |
| | (i) ہر ایک کے حصّے میں ایک چادر آئی۔ | 1 |
| | (ii) کیونکہ حضرت عمرؓ دراز قد تھے۔ | 1 |
| | (iii) کیا تم میرا حکم مانو گے۔ | 1 |
| | (iv) اس میں میرے والد محترم کا کوئی قصور نہیں ہے۔ اس کے لئے میں نے اپنے حصّے کی بھی چادر اُنہیں دیدی تھی۔ | 1 |
| | **درجِ ذیل کسی ایک عنوان پر 12 تا 15 جملوں پر مشتمل ایک مضمون تحریر کیجئے :** | |
| .37 | (i) قومی یکجہتی | |
| | **یا** | |
| | (ii) میرا پسندیدہ کھیل | |
| | جواب : | |
| | **قومی یکجہتی :** | |
| | مضمون نویسی — قومی یکجہتی۔ | |
| | تمہید — کسی قول، فقرہ یا ضرب المثل سے آغاز۔ | 1 |
| | نفسِ مضمون — ☆ قومی یکجہتی کے معنی و مفہوم۔ | 1 |
| | ☆ ہمارے ملک قومی یکجہتی کی ضرورت اور اہمیت | 1 |
| | ☆ قومی یکجہتی کو فروغ دینے والے اجلاس۔ | 1 |
| | اختتام — اپنی ذاتی رائے۔ | |
| | **یا** | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | **میرا پسندیدہ کھیل :** | |
| | مضمون نویسی – **''میرا پسندیدہ کھیل''** | |
| 1 | تمہید – کسی قول، فقرہ یا کہاوت سے مضمون کا آغاز۔ | |
| 1 | نفسِ مضمون – ☆ پسندیدہ کھیل کا نام، اس کھیل کے اُصول وضوابط | |
| 1 | ☆ کھیل کو پسند کرنے کے اہم اسباب | |
| 1 | ☆ جسمانی صحت وتندرستی کے لئے کھیلوں کی اہمیت | |
| | اختتام – مضمون سے متعلق اپنے تاثرات | |
| | **خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درجِ ذیل خطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے :** | **VII.** |
| | **1 x 5 = 5** | |
| | اپنے والد محترم کے نام ایک خط لکھ کر اپنی پڑھائی کے متعلق اُنہیں جانکاری دیجئے۔ | 38. |
| | جواب : | |
| | **مکتوب نگاری :** | |
| | والد محترم کے نام خط | |
| | i) ازمقام : | |
| 1 | ii) مورخہ : | |
| 1 | iii) آداب والقاب : والد صاحب قبلہ آداب | |
| 1 | iv) مضمونِ خط : والد کے نام خط لکھ پڑھائی سے متعلق آگاہی | |
| 1 | v) اختتام : فقط آپ کا/ آپ کی/ چہیتا/ چہیتی/ بیٹا/ بیٹی | |
| 1 | vi) مکتوب الیہ کا نام اور پتہ : | |
| | **یا** | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
| --- | --- | --- |
| | اپنے صدر مدرس کے نام ایک درخواست لکھئے جس میں کوئی مناسب وجہ بتا کر دو دن کی چھٹّی طلب کیجئے۔ | |
| | صدر مدرس کے نام درخواست | |
| | i) منجانب : XYZ | |
| 1 | ii) بخدمت : عالی جناب صدر مدرس صاحب | |
| 1 | iii) عرض مدعا : دو دن کی چھٹّی کے لئے درخواست | |
| 1 | iv) مضمونِ خط : کوئی مناسب وجہ بتا کر دو دن کے لئے چھٹّی کی گذارش کرنا۔ | |
| | v) اختتام : نیاز مند | |
| 1 | فقط آپ کا/آپ کی/فرماں بردار/شاگرد/شاگردہ | |
| 1 | vi) مقام اور تاریخ : | |